# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

# Date 27.12.2024

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

## تاریخ:27دسمبر 2024 وقت: صبح 09:00-09:10 بجے

سرخیاں

* سابق وزیرِاعظم و پدم وِبھوشن ڈاکٹر منموہن سنگھ کا انتقال ۔ سات روزہ قومی سوگ کا اعلان۔
* صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں وزیرِ اعظم اطفال ایوارڈ کی تقسیم ۔ مہاراشٹر کی دو لڑکیوں کا اعزاز۔
* وزیرِاعظم نریندر مودی کے ہاتھوں سپوشت گرام پنچایت اسکیم کا آغاز۔
* پانی کی حفاظت سے متعلق عوامی بیداری کیلئے آئندہ ماہ کیچمنٹ علاقوں میں بیداری ریلی کا اہتمام۔
* بیڑ ضلع میں 30 اور 31 دسمبر کو تیز رفتار ریلوے گاڑی کے ٹیسٹ کا اعلان۔

*اور بارڈر۔ گاوسکر سیریز کے چوتھے ٹیسٹ کی پہلی اننگ پر میزبان ٹیم کی پکڑ مضبوط۔

****

اب خبریں تفصیل سے۔

سابق وزیرِ اعظم پدم وِبھوشن ڈاکٹر منموہن سنگھ کا کل دہلی میں انتقال ہوگیا، وہ 92 برس کے تھے۔ گذشتہ شب اچانک ان کی حالت خراب ہونے کے بعد انہیں آل انڈیا انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ۔ ایمس میں داخل کرایا گیا تھا، تاہم رات نو بجکر پچاس منٹ پر انھوں نے آخری سانس لینے کی اطلاع اسپتال انتظامیہ نے دی۔ 26 ستمبر 1932 کو غیر منقسم بھارت کے صوبہ پنجاب میں پیدا ہونے والے منموہن سنگھ نے 2004 سے 2014 کے درمیان دس سال تک ملک کے 13 ویں وزیرِ اعظم کے طور پر خدمات انجام دیں۔

معاشیات کے پروفیسر کے طور پر اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والے ڈاکٹر سنگھ کو 1972 میں وزارتِ خزانہ میں اقتصادی مشیر مقرر کیا گیا، محکمہ خزانہ کے سیکریٹری، ریزرو بینک کے گورنر، منصوبہ بندی کمیشن کے نائب صدر اور وزیرِ اعظم کے اقتصادی مشیر عہدوں پر بھی انھوں نے خدمات انجام دیں۔ وزیر اعظم، راجیہ سبھا میں قائد حزب اختلاف کی ذمہ داریاں بھی انھوں نے بخوبی سنبھالیں۔ آنجہانی وزیرِ اعظم نرسمہا راؤ کی حکومت میں انھیں وزیرِ مالیات کی ذمہ داریاں سونپی گئیں اور اس عرصے میں انہوں نے معاشی اصلاحات کیلئے نمایاں کام انجام دیئے۔ 2004 میں متحدہ ترقی پسند اتحاد نے ڈاکٹر سنگھ کو وزیر اعظم منتخب کیا۔ انہوں نے اس ذمہ داری کو مسلسل دس سال تک احسن طریقے سے نبھایا۔ اسی سال اپریل کے مہینے میں ان کی راجیہ سبھا رکنیت کی معیاد مکمل ہوئی تھی۔ ملک کی معیشت کو سدھارنے کیلئے ان کے گرانقدر تعاون پر 1987 میں انھیں پدم وبھوشن سے اعزاز نوازا گیا تھا۔

ڈاکٹر منموہن سنگھ کی وفات پر ملک بھر میں رنج وغم کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، وزیرِ اعظم نریندر مودی، لوک سبھا میں حزبِ اختلاف کے قائد راہل گاندھی، کانگریس صدر ملکارجن کھرگے، ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سمیت کئی لوگوں نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

ڈاکٹر سنگھ کے انتقال پر مرکزی حکومت نے سات روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا ہے اور آج کے تمام سرکاری پروگرام منسوخ کردیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ کے جسدِ خاکی پر پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری رسومات ادا کی جائیں گی۔

****

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں کل، نئی دہلی میں وزیرِ اعظم قومی اطفال اعزاز تقسیم کیے گئے۔ فن اور ثقافت، شجاعت، اختراع، سائنس اور ٹیکنالوجی، سماجی خدمات، کھیل اور ماحولیات جیسے مختلف شعبوں میں غیر معمولی کارکردگی کیلئے 17 ہونہار بچوں کو اطفال اعزاز سے نوازا گیا۔ ایوارڈ یافتگان میں ریاست کی دو لڑکیاں شامل ہیں۔ ان میں ممبئی کی 13 سالہ کییا ہٹکر اور امراوتی کی 17 سالہ کرینہ تھاپا شامل ہیں۔ کییا ہٹکر ''ڈانسنگ آن مائی وہیلز'' اور ''آئی ایم پاسیبل'' نامی دو سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتابوں کی مصنفہ ہیں۔ جبکہ کرینہ تھاپا کو گیس سلنڈر سے ہونے والی آتشزدگی کے دوران ہمت ودلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقامی لوگوں کی جان بچانے پر اطفال اعزاز سے نوازا گیا۔

اس ایوارڈ کو قبول کرنے کے بعد کرینہ تھاپا نے اپنے جذبات کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔

> *''آج مجھے جو ایوارڈ ملا ہے وہ میری بہادری کے کارَن ملا ہے۔ میں صرف اتنا ہی کہنا چاہتی ہوں کہ ہمیں مصیبت سے گھبرانا نہیں چاہیئے بلکہ اس کا سامنا کرنا چاہیئے کیونکہ ڈر کے آگے جیت ہے۔''*

کیپا ہٹکر نے اپنے تاثرات ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ میرے جیسے بچوں کا مرکزی دھارے میں آنا بہت مشکل ہوتا ہے اور لوگ ہمیں باصلاحیت نہیں سمجھتے، لیکن حکومت نے اس ایوارڈ کیلئے میرا انتخاب کر کے اس سوچ کو بدلنے کا کام کیا ہے۔

دریں اثنا، وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کیلئے کیے جانے والے ہر کام کو بہادری و شجاعت قرار دیا ہے۔ کل دہلی میں یوم اطفال پر منعقدہ ایک خصوصی تقریب سے وزیرِ اعظم خطاب کر رہے تھے۔ سکھ مذہب کے دسویں گرو، گرو گووِند سنگھ کے دو چھوٹے بیٹوں بابا زوراآور سنگھ اور بابا فتح سنگھ کی قربانی کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔

اس موقعے پر وزیر اعظم نے سُپوشت گرام پنچایت منصوبے کا بھی آغاز کیا۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ عوامی شراکت کے ذریعے گرام پنچایتوں کی سطح پر غذائیت سے متعلق خدمات فراہم کرنا اس مہم کا مقصد ہے۔ انہوں نے کہا...

*''یہ ابھیان پوری طرح سے جن بھاگیداری سے آگے بڑھے گا۔ کُپوشن مُکت بھارت کیلئے گرام پنچایتوں کے بیچ ایک ہیلتھی کامپٹیشن تندرست اِسپردھا ہو، سُپوشت گرام پنچایت وِکست بھارت کا آدھار بنے، یہ ہمارا لکشیہ ہے۔''*

اس موقعے پر وزیر اعظم نے تصویری رتھ کے پریڈ کو سبز جھنڈی دکھا کر اعزاز قبول کیا۔ مختلف ریاستوں کی روایتی خوشحالی کی نمائندگی کرنے والے ملبوسات میں زیب تن کر کے تین ہزار سے زائد بچے اس تصویری رتھ کی ریلی میں شامل ہوئے۔ سانگلی کے تعلیمی ادارے کے ایک دستے نے مہاراشٹر کی نمائندگی کرتے ہوئے لیجھم کا مظاہرہ کیا۔

****

شہری رسد، خوراک، اور حقوقِ صارف کے وزیر دھننجے منڈے نے متعلقہ محکمہ کو شفافیت کے ساتھ کام کرنے کی ہدایات کی ہیں۔ وہ کل ممبئی کے سہیادری گیسٹ ہاؤس میں محکمہ کے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ منڈے نے کہا کہ اسمارٹ راشن کارڈ کی فراہمی اور گوداموں کو جدید نظام سے لیس کرنا ان کے محکمے کی ترجیحات میں شامل ہیں۔

****

مٹی اور پانی کے تحفظ کے وزیر سنجے راٹھوڑ عوام میں پانی کے تحفظ کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کیلئے آئندہ ماہ جنوری سے کیچمنٹ علاقوں میں خصوصی بیداری ریلی نکالنے کا اعلان کیا ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں پانی اور تحفظِ مٹی کے منتظم ادارے۔ والمی میں ایک جائزاتی اجلاس کے بعد صحافیوں سے مخاطب تھے۔ راٹھوڑ نے کہا کہ والمی کی ماضی کی عظمت کو بحال کرنے کیلئے 546 کروڑ روپے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے، اور حکومتی سطح پر نمائندگی کر کے، مزید فنڈز کا مطالبہ اور خالی عہدوں پر بھرتی کیلئے تجاویز پیش کی جائیں گی۔

****

بیڑ ضلع کے وِگھن واڑی سے راجوری کے درمیان آئندہ 30 اور 31 دسمبر کو تیز رفتار ریلوے گاڑی کا ٹیسٹ لیا جائے گا۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ تحویلِ اراضی محکمہ کے ڈپٹی کلکٹر سمیت ریلوے حکام نے اس ٹیسٹ کے دوران شہریوں سے ریلوے پٹریوں کے قریب نہ آنے کی اپیل کی ہے۔

****

جالنہ ضلعے کے پرتور کے ایک کارخانے میں دھماکہ ہونے سے دو زخمی اور دو مزدوروں کی موت ہوگئی۔ کل شام باگیشوری سہکاری شکر کارخانے میں یہ حادثہ پیش آیا۔ سلفر کی ٹاکی میں ہوئے دھماکے میں دو افراد کی موت کی اطلاع پرتور پولس اسٹیشن کے سپرنٹنڈنٹ مچھندر سُروسے نے دی ہے۔

****

بھارت اور آسٹریلیا کے مابین جاری بارڈر۔ گاوسکر سیریز کے چوتھے کرکٹ ٹیسٹ کی پہلی اننگ پر میزبان ٹیم نے اپنی پکڑ مضبوط بنالی ہے۔ ملبیورن میں کھیلے جارہے اس مقابلے میں آسٹریلیائی ٹیم نے کل کے چھ وکٹ پر 311 رنوں کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کیا اور پوری ٹیم 474 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اس سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک میچ جیت کر برابری پر ہیں۔

دریں اثنا، خبروں کے مطابق، سابق وزیرِ اعظم منموہن سنگھ کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے بھارتی کھلاڑی اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر کھیل رہے ہیں۔

****

کُل ہند سانے گروجی کتھا مالا ہیلس کی جانب سے سانے گروجی کے یومِ پیدائش کے موقع پر کہانی نویسی کے مقابلے میں اس مرتبہ ناندیڑ کے مہاتما پھلے ہائی اسکول کی طالبہ سنچیتا نے علاقائی سطح پر مقامِ اوّل حاصل کیا ہے۔ پربھنی میں ہوئے اس علاقائی سطح کے مقابلے میں سنچیتا نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سرِ فہرست مقام حاصل کیا۔ اس موقع پر اسکول کی پرنسپل سُریکھا کدم اور دیگر اساتذہ نے سنچیتا کو مبارکباد دی۔

****

ریاست میں ای۔ فصل جانچ منصوبہ روبہ عمل لایا جارہا ہے۔ پربھنی ضلعے میں سنیچر اور اتوار ان دو دنوں میں ای فصل جانچ کی خصوصی مہم چلائے جانے کے احکامات ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے دیئے ہیں۔

اس مہم میں ضلع کے تقریباً ایک لاکھ 69 ہزار 300 کسانوں سے اندراج کرنے کی اپیل گاوڑے نے کی ہے۔

****

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں آج علی الصبح ہلکی بارش ہوئی۔ ریاست کے کئی ایک اضلاع میں آج سے تین دِن تک ژالہ باری اور بجلی کے ساتھ بارش کا امکان محکمہ موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔

****

اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر

* سابق وزیرِاعظم و پدم وِبھوشن ڈاکٹر منموہن سنگھ کا انتقال۔سات روزہ قومی سوگ کا اعلان۔
* صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں وزیرِ اعظم اطفال ایوارڈ کی تقسیم۔مہاراشٹر کی دو لڑکیوں کا اعزاز۔
* وزیرِاعظم نریندر مودی کے ہاتھوں سپوشت گرام پنچایت اسکیم کا آغاز۔
* پانی کی حفاظت سے متعلق عوامی بیداری کیلئے آئندہ ماہ کیچمنٹ علاقوں میں بیداری ریلی کا اہتمام۔
* بیڑ ضلع میں 30اور 31دسمبر کو تیز رفتار ریلوے گاڑی کے ٹیسٹ کا اعلان۔

*اور بارڈر۔گاوسکر سیریز کے چوتھے ٹیسٹ کی پہلی اننگ پر میزبان ٹیم کی پکڑ مضبوط۔

****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔